وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FESCO

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

ایڈیشن: ستمبر۔اکتوبر 2026ء شمارہ نمبر: 185 جلد نمبر: 14 کل صفحات: 16

فیسکو نیوز



انجینئر عابد رشید نے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو کے عہدے کا اضافی چارج سنبھال لیا

انجینئر عابد رشید بجلی کی تقسیم و ترسیل، آپریشنل مینجمنٹ، منصوبہ بندی، کارپوریٹ گورننس اور انتظامی امور میں تقریباً 25 سالہ وسیع پیشہ ورانہ تجربہ رکھتے ہیں

فیسکو انتظامیہ صارفین کو بہترین خدمات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے

انجینئر عابد رشید
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

فیسکو ریجن میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری ازالہ اولین ترجیح ہے

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) لمیٹڈ

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

فیسکو نیوز

ایڈیشن: ستمبر۔اکتوبر 2026ء شمارہ نمبر: 185 جلد نمبر: 14 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ

انجینئر عابد رشید

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ

فرخ آفتاب

ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر

محمد سعید رضا

ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو

ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



محمد شفیق



ایوب احمد

فوٹوگرافی



محمد وسیم

پبلشر

شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد

Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk

فیسکو نیوز

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

عرض مدیر

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر عابد رشید کی ہدایت پر فیسکو انتظامیہ کی طرف سے ادارے کی کارکردگی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، ملازمین کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے اور صارفین کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے جدید آئی ٹی انفراسٹرکچر کی فراہمی کے منصوبہ پر تیزی سے کام جاری ہے۔ اس سلسلے میں ای آپریشنز (E-Ops)، ہی سی ایم ایس پلس (CCMS+)، کسٹمر فیسیلیٹیشن سینٹرز (CFC) اور کمپلینٹ اینڈ کنٹرول سینٹر منصوبوں کے لیے جدید کمپیوٹر ہارڈ ویئر مختلف دفاتر کو فراہم کر دیا گیا ہے جس سے صارفین کو مزید تیز، شفاف، مؤثر اور معیاری خدمات کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ فیسکو کے مختلف سرکلز، ڈویژنز، سب ڈویژنز، ریونیو دفاتر اور ایم اینڈ ٹی دفاتر کو مرحلہ وار جدید ڈیسک ٹاپ کمپیوٹرز، لیپ ٹاپس، یو پی ایس، لیزر جیٹ پرنٹرز، اسمارٹ ایل ای ڈیز اور ایم ڈی ایم سافٹ ویئر سے لیس اینڈرائیڈ موبائل فونز فراہم کر دیے گئے ہیں۔ یہ جدید آلات ای۔آپریشنز، سی سی ایم ایس اور دیگر آئی ٹی منصوبوں کے لیے مختص کیے گئے ہیں تاکہ فیلڈ آپریشنز اور صارفین کی شکایات کے ازالے کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ فیسکو انتظامیہ کا یہ اقدام ادارے میں ڈیجیٹلائزیشن، ای۔گورننس اور جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت ثابت ہو رہا ہے۔ نئے کمپیوٹر سسٹمز اور جدید آلات کی فراہمی سے دفاتر میں کام کی رفتار، ڈیٹا مینجمنٹ، آن لائن مانیٹرنگ، شکایات کے اندراج اور ان کے بروقت ازالے کے عمل میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ جدید آئی ٹی سہولیات سے فیلڈ اسٹاف کو ریئل ٹائم معلومات تک رسائی، شکایات کے فوری اندراج اور موقع پر ہی ان کے حل میں مدد ملی ہے جس کے نتیجے میں بجلی کی تقسیم کے نظام میں بہتری آئی ہے اور صارفین کا اعتماد مزید مضبوط ہوا ہے۔ جبکہ ادارے کی مجموعی استعدادِ کار میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، صارفین کی شکایات کے ازالے کا نظام مزید فعال اور مؤثر بنا ہے، جبکہ ای۔آپریشنز اور سی سی ایم ایس منصوبوں کے مؤثر نفاذ میں بھی اہم پیش رفت حاصل ہوئی ہے۔

اس شمارے میں

04 تبدیلی کا آغاز ہم سے — تحریر: لینا افروز سلیمی، ڈپٹی ڈائریکٹر (چینج مینجمنٹ اینڈ آرگنائزیشنل ڈویلپمنٹ) فیسکو

05 ایم ڈی نیشنل گرڈ پاکستان (این جی پی) انجینئر الطاف حسین ملک کا ڈپٹی ایم ڈی رشید اے بھٹو کے ہمراہ فیسکو ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

06 چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر گیارہ فیڈرز پر ایڈوانس پرفارمنس مانیٹرنگ سسٹم (اے پی ایم ایس) نصب کرنے کا فیصلہ

07 فیسکو، لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز LUMS اور جرمن ڈویلپمنٹ ایجنسی GIZ کے ماہرین کے مابین خصوصی اسیسمنٹ سیشن کا انعقاد

08 ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) فیسکو محمد امداد اللہ کی الوداعی تقریب کے موقع پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر اور دیگر افسران کا خطاب

09 ڈائریکٹر جنرل (میراڈ) انجینئر عابد رشید نے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو کے عہدے کا اضافی چارج سنبھال لیا

10 فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں نیپرا کے مقررہ کارکردگی اہداف کے تحت سہ ماہی رپورٹ کی تیاری کے حوالے سے خصوصی اجلاس کا انعقاد

11 فیسکو کے زیر اہتمام سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے اشتراک سے صارفین کے لیے ایک خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد

12 ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فیسکو فرخ آفتاب نے پبلک ریلیشنز ڈائریکٹوریٹ میں قائم ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کا افتتاح کر دیا

13 فیسکو اور دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کے اشتراک سے "پروکیورمنٹ لائف سائیکل" خریداری کے مختلف مراحل کے موضوع پر ورکشاپ کا انعقاد

14 ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) فیسکو ڈاکٹر عبدالحئی کا فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز میں ای آپریشن کے حوالے سے منعقدہ تربیتی سیشن میں افسران سے خطاب

15 شوکاز نوٹس برائے کارروائی



تحریر: لینا افروز سلیمی
ڈپٹی ڈائریکٹر (چینج مینجمنٹ اینڈ آرگنائزیشنل ڈویلپمنٹ) فیسکو

تبدیلی کا آغاز ہم سے

دنیا تیزی سے بدل رہی ہے۔ نئی ٹیکنالوجی، جدید انتظامی طریقے، بڑھتی ہوئی عوامی توقعات اور بدلتے ہوئے کاروباری تقاضے ہر ادارے سے تقاضا کرتے ہیں کہ وہ وقت کے ساتھ خود کو مسلسل بہتر بنائے۔ ایسے حالات میں کامیاب وہی ادارے ہوتے ہیں جو تبدیلی کو چیلنج نہیں بلکہ ترقی کا موقع سمجھتے ہیں۔

فیسکو بھی ایک ایسا قومی ادارہ ہے جو عوام کو معیاری، محفوظ اور قابل اعتماد بجلی کی فراہمی کیلئے مسلسل کوشاں ہے۔ اس مقصد کے حصول میں جدید نظام، موثر منصوبہ بندی اور پیشہ وارانہ مہارت کے ساتھ ساتھ سب سے اہم کردار ادارے کے ملازمین کا ہے۔ ہر افسر اور ملازم اپنی ذمہ داری، دیانت داری اور مثبت رویئے کے ذریعے ادارے کی کامیابی میں براہ راست حصہ ڈالتا ہے۔

چینج مینجمنٹ کا مقصد صرف نئے قواعد یا نظام نافذ کرنا نہیں بلکہ ایسی ادارہ جاتی ثقافت پیدا کرنا ہے۔ جہاں ہر فرد بہتری کو اپنی ذمہ داری سمجھے جب ملازمین نئی سوچ اپناتے ہیں، سیکھنے کے لئے تیار رہتے ہیں اور اپنے روزمرہ کے کام میں چھوٹی چھوٹی اصلاحات لاتے ہیں تو یہی اقدامات مجموعی طور پر ادارے کی کارکردگی میں نمایاں بہتری کا سبب بنتے ہیں۔ اور اس سلسلے میں تربیت اور پیشہ ورانہ ترقی بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ نئی مہارتوں کا حصول، جدید ٹیکنالوجی سے واقفیت اور بہتری انتظامی طریقوں سے آگاہی نہ صرف ملازمین کی صلاحیتوں میں اضافہ کرتی ہے بلکہ ادارے کو بھی زیادہ موثر، تیز رفتار اور عوامی ضروریات کے مطابق خدمات فراہم کرنے کے قابل بناتی ہے۔ ایک ایسا ملازم جو سیکھنے کا جذبہ رکھتا ہو، وہ ہر نئی تبدیلی کو اعتماد کے ساتھ قبول کرتا ہے اور دوسروں کیلئے بھی مثبت مثال بنتا ہے۔

اسی طرح موثر ابلاغ، ٹیم ورک، باہمی احترام، شفافیت اور جوابدہی ایک مضبوط ادارہ جاتی ثقافت کی بنیاد ہیں۔ جب مختلف شعبے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرتے ہیں، معلومات کا بروقت تبادلہ کرتے ہیں اور مشترکہ مقاصد کیلئے کام کرتے ہیں تو مسائل کے حل کی رفتار بڑھتی ہے اور ادارے کی مجموعی کارکردگی بہتر ہوتی ہے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم اپنی روزمرہ ذمہ داریوں کا جائزہ لیتے رہیں اور خود سے یہ سوال کریں کہ کیا آج ہم نے کل سے بہتر کام کیا؟ کیا ہم نے کسی عمل کو زیادہ آسان، موثر یا محفوظ بنایا؟ اگر ہر ملازم روزانہ ایک مثبت بہتری لانے کا عزم کرلے تو ادارے میں مسلسل ترقی کی مضبوط بنیاد قائم ہوسکتی ہے۔ فیسکو کی اصل طاقت اس کے ملازم ہیں۔ جب ملازمین کی صلاحیتوں پر اعتماد کیا جائے۔ انہیں سیکھنے کے مواقع فراہم کئے جائیں اور مثبت تجاویز کی حوصلہ افزائی کی جائے تو ادارہ نہ صرف اپنے اہداف حاصل کرتا ہے بلکہ ایک ایسی مثال بھی قائم کرتا ہے جس پر ہر ملازم فخر کرسکتا ہے۔

آیئے ہم سب اس عزم کے ساتھ آگے بڑھیں کہ تبدیلی کا انتظار نہیں کریں گے بلکہ خود تبدیلی کا حصہ بنیں گے۔ کیونکہ ادارے کی ترقی، عوام کی بہتر خدمت اور فیسکو کا روشن مستقبل ہماری اجتماعی سوچ، مشترکہ کوششوں اور پیشہ وارانہ عزم سے وابستہ ہے۔ تبدیلی کا آغاز ہمیشہ خود سے ہوتا ہے اور جب ہر فرد اپنی بہترین صلاحیت کے ساتھ کام کرتا ہے تو ادارہ بھی بہترین بن جاتا ہے۔

ایم ڈی نیشنل گرڈ پاکستان (این جی پی) انجینئر الطاف حسین ملک کا ڈپٹی ایم ڈی رشید اے بھٹو کے ہمراہ فیسکو ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

فیسکو کی کارکردگی انتظامیہ اور افسران کی محنت، پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر حکمت عملی کا مظہر ہے

ایم ڈی این جی پی
انجینئر الطاف حسین

فیسکو کے ٹیکنیکل لاسز میں کمی، ریکوری میں بہتری اور بجلی چوری کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں

بجلی کے ترسیلی و تقسیمی نظام کی بہتری اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ انتظامی اقدامات بجلی کی بلاتعطل فراہمی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

فیسکو کے مختلف گرڈ اسٹیشنوں پر جاری ترقیاتی کاموں، انفراسٹرکچر کی بہتری اور تمام گرڈ اسٹیشنوں کی آپریشنل پرفارمنس پر بھی اطمینان کا اظہار



ایم ڈی نیشنل گرڈ پاکستان (این جی پی) انجینئر الطاف حسین ملک فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

مینجنگ ڈائریکٹر نیشنل گرڈ پاکستان (این جی پی) انجینئر الطاف حسین ملک نے ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (ایسٹس مینجمنٹ) رشید اے بھٹو کے ہمراہ فیسکو ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ جہاں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر فیسکو کے متعلقہ مختلف امور پر تبادلہ خیال بھی ہوا۔ مینجنگ ڈائریکٹر (این جی پی) انجینئر الطاف حسین ملک نے فیسکو کی مجموعی کارکردگی، ٹیکنیکل لاسز میں کمی، ریکوری کی صورتحال، بجلی چوری کی روک تھام اور صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے فیسکو کی پیشہ ورانہ کارکردگی پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے فیسکو کی مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ادارے نے مختلف شعبوں میں نمایاں بہتری حاصل کی ہے، جو فیسکو کی انتظامیہ اور افسران کی محنت، پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر حکمت عملی کا مظہر ہے۔ انہوں نے بالخصوص ٹیکنیکل لاسز میں کمی، ریکوری میں بہتری اور بجلی چوری کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو قابل تحسین قرار دیا۔ انہوں نے فیسکو کے مختلف گرڈ اسٹیشنوں پر جاری ترقیاتی کاموں، انفراسٹرکچر کی بہتری اور تمام گرڈ اسٹیشنوں کی آپریشنل پرفارمنس پر بھی اطمینان کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بجلی کے ترسیلی و تقسیمی نظام کی بہتری، گرڈ اسٹیشنوں کی مؤثر آپریشنل کارکردگی اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ انتظامی اقدامات بجلی کی بلاتعطل اور قابل اعتماد فراہمی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انجینئر الطاف حسین ملک نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی قیادت میں کیے جانے والے اقدامات کے باعث فیسکو نے ملک کی تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں ایک نمایاں، مستحکم اور قابل اعتماد حیثیت حاصل کی ہے، جو ادارے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، مؤثر قیادت اور بہتر انتظامی امور کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ فیسکو انتظامیہ آئندہ بھی اسی جذبے، لگن اور پیشہ ورانہ انداز کے ساتھ عوامی خدمت کا سفر جاری رکھتے ہوئے اپنے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کو معیاری سہولیات کی فراہمی اور ڈسٹری بیوشن سسٹم میں بہتری کے لیے فیسکو کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے نیشنل گرڈ پاکستان کے ایم ڈی انجینئر الطاف حسین ملک کی جانب سے فیسکو کی کارکردگی کو سراہنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ فیسکو انتظامیہ صارفین کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنے، بجلی چوری کے مکمل خاتمے، ریکوری اہداف کے حصول، لائن لاسز میں مزید کمی اور بجلی کی قابل اعتماد فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیسکو اپنے تمام شعبوں میں پیشہ ورانہ معیار، شفافیت، جوابدہی اور جدید انتظامی طریقہ کار کو فروغ دیتے ہوئے ادارے کی کارکردگی میں مزید بہتری کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔

فیسکو میں گیارہ فیڈرز پر ایڈوانس پرفارمنس مانیٹرنگ سسٹم (اے پی ایم ایس) نصب کرنے کا فیصلہ

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

فیسکو کا یہ اقدام بجلی کے ترسیلی و تقسیمی نظام میں شفافیت، نگرانی اور لائن لاسز میں کمی لانے کی جامع حکمت عملی کا حصہ ہے

سکینگ سسٹم کی تنصیب سے استعمال ہونے والی بجلی کے ڈیٹا کا جائزہ لے کر ٹیکنیکل لاسز اور نان ٹیکنیکل لاسز کی وجوہات کو زیادہ بہتر انداز سے جانچا جا سکے گا

اے پی ایم ایس کی تنصیب سے فیسکو کو فیڈرز کا جامع ڈیٹا حاصل ہوگا اور اسی بنیاد پر فیڈرز کے لاسز کم کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جا سکیں گے

تمام متعلقہ ٹرانسفارمرز کی جی آئی ایس میپنگ، جغرافیائی نقاط اور صارفین/کنکشنز کی ٹیگینگ پورٹل پر موجود ریکارڈ کے ساتھ مطابقت بھی یقینی بنانے کی ہدایت



چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو کے 11 کے وی فیڈرز کی موثر نگرانی، لاسز کی وجوہات کی نشاندہی اور بجلی چوری و غیر قانونی/غیر رجسٹرڈ کنکشنز کی روک تھام کے لیے سات سب ڈویژن کے گیارہ فیڈرز پر ایڈوانس پرفارمنس مانیٹرنگ سسٹم (اے پی ایم ایس) نصب کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر ایڈوانس پرفارمنس مانیٹرنگ سسٹم کی تنصیب کے حوالے سے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ اجلاس میں افسران سے خطاب کر رہے ہیں

انھوں نے بتایا کہ اے پی ایم ایس کی تنصیب سے فیسکو کو فیڈرز کا جامع ڈیٹا حاصل ہوگا اور اسی بنیاد پر فیڈرز کے لاسز کم کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جا سکیں گے۔ انھوں نے کہا کہ یہ اقدام بجلی کے ترسیلی و تقسیمی نظام میں شفافیت، نگرانی اور لائن لاسز میں کمی لانے کی جامع حکمت عملی کا حصہ ہے۔ انھوں نے تمام متعلقہ ٹرانسفارمرز کی جی آئی ایس میپنگ، جغرافیائی نقاط اور ہر ٹرانسفارمر سے منسلک صارفین/کنکشنز کی ٹیگینگ پورٹل پر موجود ریکارڈ کے ساتھ مطابقت بھی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انھوں نے مزید کہا کہ کسی بھی قسم کے خرابی یا untagged connection کی صورت میں اس کی فوری نشاندہی کر کے اسے درست کیا جائے۔ انھوں نے کہا کہ اس مرحلے میں مسلم ٹاؤن سب ڈویژن کے مسلم ٹاؤن فیڈر، چناب نگر سب ڈویژن کے ساہیوال روڈ فیڈر، ستی لالیاں سب ڈویژن کے جھنگ روڈ روڈ، شورکوٹ رورل سب ڈویژن کے سکارپ فیڈر، کوٹ مومن سب ڈویژن کے معظم آباد فیڈر، کلورکوٹ سب ڈویژن کے اکڑیانوالہ اور کلورکوٹ سٹی فیڈر، رورل کمالیہ سب ڈویژن کے جاں والا اور خواجہ شاہ فیڈر، گوجرہ رورل سب ڈویژن کے آدھا پل اور مراد شاہ فیڈر پر ایڈوانس پرفارمنس مانیٹرنگ سسٹم (اے پی ایم ایس) لگایا جا رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس سکینگ سسٹم کی تنصیب سے نہ صرف ان فیڈرز پر بجلی کے بہاؤ اور استعمال کی زیادہ موثر نگرانی ممکن ہوگی بلکہ مختلف ٹرانسفارمرز/صارفین کی جانب سے استعمال ہونے والی بجلی کے ڈیٹا کا جائزہ لے کر ٹیکنیکل لاسز اور نان ٹیکنیکل لاسز کی وجوہات کو زیادہ بہتر انداز سے جانچا جا سکے گا۔ اسی طرح جی آئی ایس میپنگ کی مدد سے کسی مخصوص علاقے یا ٹرانسفارمر پر لاسز کی شرح زیادہ ہونے کی بنیادی معلوم ہو سکے گی اور اوورلوڈ ٹرانسفارمرز، غیر متوازن لوڈ، تکنیکی خرابیوں، غیر رجسٹرڈ کنکشنز، بجلی چوری اور دیگر بے ضابطگیوں کی نشاندہی کے بعد ان کے حل کے لیے اقدامات کیے جا سکیں گے۔

فیسکو، لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز LUMS اور جرمن ڈویلپمنٹ ایجنسی GIZ کے ماہرین کے مابین خصوصی اسیسمنٹ سیشن کا انعقاد

فیسکو اپنے ہیومن ریسورسز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے پر عزم ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

فیسکو افسران و ملازمین کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے اور آرگنائزیشنل ڈویلپمنٹ کے فروغ کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) اور لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز LUMS اور جرمن ڈویلپمنٹ ایجنسی GIZ کے ماہرین کے مابین فیسکو ہیڈکوارٹرز میں ایک خصوصی اسیسمنٹ سیشن کا انعقاد ہوا۔ اسیسمنٹ سیشن میں GIZ-LUMS وفد کی قیادت ڈاکٹر جواد سید، ڈاکٹر انجم فیاض اور ڈاکٹر فائزہ علی نے کی جبکہ فیسکو کی جانب سے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر، جنرل منیجر آپریشن عمر حیات گوندل، ڈائریکٹر جنرل (ایچ آر) غلام مجتبیٰ خان، چیف لیگل آفیسر تیمور متین خان اور ڈائریکٹر (ایچ آر) محمود احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اس خصوصی سیشن کے دوران توانائی کے شعبے کو درپیش انسانی وسائل کے مسائل، انسانی وسائل کی استعداد کار کو مزید بہتر، موجودہ افرادی قوت، ملازمین کے انتظامی ڈھانچے کی تشکیل، ٹیلنٹ کے حصول، آرگنائزیشنل کلچر میں بہتری اور باصلاحیت قیادت کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے شرکاء کو بتایا کہ فیسکو اپنے ہیومن ریسورسز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے ساتھ ساتھ ایک ایسی باصلاحیت اور متحرک فرادی قوت تیار کرنے کیلئے پر عزم ہے جو کمپنی کی بہترین کارکردگی اور صارفین کی خدمات کیلئے موثر کردار ادا کر سکے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ فیسکو کے ہیومن ریسورسز نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے استعداد کار، مثبت انتظامی ترقی اور مستقبل کی قیادت کے پروگرامز کو مزید فروغ دینے کیلئے GIZ-LUMS کی تکنیکی مہارت، مشاورت اور تجربے سے بھرپور استفادہ کیا جائے گا۔ فیسکو ڈسٹری بیوشن کنٹرول سنٹر کے دورے کے دوران وفد کو بجلی کی تقسیم کے نظام، آپریشنل کنٹرول اور تکنیکی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ فیسکو انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ادارے میں ہیومن ریسورسز کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، افسران و ملازمین کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے اور آرگنائزیشنل ڈویلپمنٹ کے فروغ کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ بعدازاں وفد نے فیسکو کمپیوٹر سنٹر کا دورہ کیا، جہاں انھیں کسٹمر کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔ وفد نے صارفین کی شکایات کے اندراج، نگرانی، ازالے اور جدید آئی ٹی سسٹم کے ذریعے صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے طریقہ کار کا عملی مشاہدہ کیا۔ GIZ-LUMS کے وفد نے فیسکو کی ہیومن ریسورسز کی پالیسیوں کو آرگنائزیشنل ڈویلپمنٹ کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔ دونوں جانب سے اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ باہمی تعاون، جدید علم اور پیشہ ورانہ مشاورت کے ذریعے فیسکو کے ہیومن ریسورس سسٹم کو پاکستان کے توانائی کے شعبے میں ایک نمایاں بنانے کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر فیسکو ہیڈکوارٹرز میں GIZ-LUMS کے مابین اسیسمنٹ سیشن کے انعقاد کے موقع پر شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

مدت ملازمت مکمل کر کے باعزت ریٹائرمنٹ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک بڑا اعزاز ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

محمد امداد اللہ انتہائی باصلاحیت، تجربہ کار اور پیشہ وارانہ مہارت کے حامل افسر تھے، ذمہ داریاں نہایت دیانتداری، محنت اور لگن سے ادا کیں

دوران سروس تمام ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے انجام دیا اور مقررہ اہداف کے حصول میں ہمیشہ نمایاں کارکردگی دکھائی

دورانِ سروس ہر سطح پر بھرپور تعاون حاصل رہا اور ان کی تمام کامیابیاں ٹیم ورک کا نتیجہ ہیں

ڈی جی آئی ٹی محمد امداد اللہ

ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) فیسکو محمد امداد اللہ کی الوداعی تقریب کے موقع پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر اور دیگر افسران کا خطاب



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر ڈی جی (آئی ٹی) محمد امداد اللہ کو فیسکو کی جانب سے یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

فیسکو کے ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) فیسکو محمد امداد اللہ اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے کے بعد باعزت طور پر ریٹائر ہو گئے۔ ان کے اعزاز میں فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں فیسکو کے چیف انجینئرز، ڈی جی، ڈائریکٹرز اور دیگر افسران اور ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) فیسکو محمد امداد اللہ کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک انتہائی باصلاحیت، تجربہ کار اور پیشہ وارانہ مہارت کے حامل افسر تھے جنہوں نے اپنی ذمہ داریاں نہایت دیانتداری، محنت اور لگن کے ساتھ ادا کیں۔ ان کا شمار فیسکو کے قابل فخر افسران میں ہوتا ہے جنہوں نے ادارے کی کارکردگی بہتر بنانے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ مدت ملازمت مکمل کر کے باعزت ریٹائرمنٹ حاصل کرنا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک بڑا اعزاز ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دوران سروس ان کو جو بھی ذمہ داریاں سونپی گئیں، انہوں نے انہیں احسن طریقے سے انجام دیا اور مقررہ اہداف کے حصول میں ہمیشہ نمایاں کارکردگی دکھائی۔ محمد امداد اللہ نے اپنی تمام سروس ایمانداری، اصول پسندی اور بغیر کسی دباؤ کے بروقت اور درست فیصلے کرتے ہوئے گزاری۔ ان کی خوش اخلاقی، نرم رویہ اور ٹیم ورک کو فروغ دینے کی صلاحیت نے انہیں ساتھیوں اور ماتحت عملے میں یکساں مقبول رکھا۔ اس موقع پر فیسکو کے تمام افسران نے بھی ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) فیسکو محمد امداد اللہ کو ریٹائرمنٹ پر مبارکباد پیش کی اور ان کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے ان کی آئندہ زندگی کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ادارے کے دروازے ہمیشہ ان کے لئے کھلے رہیں گے۔ تقریب کے اختتام پر ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) فیسکو محمد امداد اللہ اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو اور تمام افسران کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ دورانِ سروس انہیں ہر سطح پر بھرپور تعاون حاصل رہا اور ان کی تمام کامیابیاں ٹیم ورک کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپنی سروس کے دوران انہوں نے ہمیشہ ملازمین اور صارفین کی بہتری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے اور ادارے کی ترقی کو اولین ترجیح دی۔ تقریب کے اختتام پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر اور دیگر افسران نے ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) محمد امداد اللہ کو فیسکو کی جانب سے یادگاری شیلڈ اور تحائف پیش کئے۔



ڈائریکٹر جنرل (میراڈ) انجینئر عابد رشید نے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو کے عہدے کا اضافی چارج سنبھال لیا

فیسکو انتظامیہ صارفین کو بہترین خدمات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے

انجینئر عابد رشید
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

فیسکو ریجن میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری ازالہ اولین ترجیح ہے

انجینئر عابد رشید بجلی کی تقسیم و ترسیل، آپریشنل مینجمنٹ، منصوبہ بندی، کارپوریٹ گورننس اور انتظامی امور میں تقریباً 25 سالہ وسیع پیشہ ورانہ تجربہ رکھتے ہیں

ڈائریکٹر جنرل (میراڈ) انجینئر عابد رشید نے فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے عہدے کا اضافی چارج سنبھال کر ذمہ داریوں کا آغاز کر دیا ہے۔ انجینئر عابد رشید بجلی کی تقسیم و ترسیل، آپریشنل مینجمنٹ، منصوبہ بندی، کارپوریٹ گورننس اور انتظامی امور میں تقریباً 25 سالہ وسیع پیشہ ورانہ تجربہ رکھتے ہیں۔ ان کا شمار پاور سیکٹر کے ان تجربہ کار افسران میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنے پیشہ ورانہ سفر کے دوران فیلڈ آپریشنز سے لے کر اعلیٰ انتظامی عہدوں تک مختلف اہم ذمہ داریاں انجام دی ہیں۔ انجینئر عابد رشید نے 29 نومبر 2001ء کو واپڈا/میپکو میں بطور اسسٹنٹ منیجر اپنے پیشہ ورانہ سفر کا آغاز کیا۔ وہ بی ایس سی الیکٹریکل انجینئرنگ، ایم بی اے فنانس اور ایم ایس بزنس ایڈمنسٹریشن کی اعلیٰ تعلیمی اسناد کے حامل ہیں۔ فنی تعلیم کے ساتھ مینجمنٹ اور مالیاتی امور میں ان کی اعلیٰ تعلیمی قابلیت نے انہیں بجلی کے شعبے میں تکنیکی و انتظامی ذمہ داریوں کی انجام دہی میں نمایاں مہارت فراہم کی۔ اپنے پیشہ ورانہ کیریئر کے ابتدائی دور میں انہوں نے میپکو کی دنیا پور، بوسن روڈ اور قبولہ سب ڈویژنز میں بطور اسسٹنٹ منیجر آپریشن خدمات انجام دیں جبکہ چیف ایگزیکٹو میپکو کے دفتر میں بھی اہم ذمہ داریوں پر فائز رہے۔ مارچ 2009ء میں فیسکو میں تعیناتی کے بعد انہوں نے اسسٹنٹ منیجر پلاننگ، جونیئر انجینئر/ سٹاف آفیسر ٹو چیف ایگزیکٹو، سینئر انجینئر/ سٹاف آفیسر ٹو چیف ایگزیکٹو، ڈپٹی ڈائریکٹر (پی آر)، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل، منیجر پلاننگ اینڈ فورکاسٹنگ (میراڈ) اور دیگر اہم عہدوں پر خدمات سرانجام دیں۔ انجینئر عابد رشید کو کمپنی کے انتظامی، قانونی اور کارپوریٹ امور کا بھی وسیع تجربہ حاصل ہے۔ انہوں نے 2017ء سے 2022ء تک ڈپٹی کمپنی سیکرٹری اور نومبر 2022ء سے جون 2025ء تک کمپنی سیکرٹری فیسکو کی اضافی ذمہ داریاں بھی انجام دیں۔ ان عہدوں پر خدمات کے دوران انہیں کارپوریٹ گورننس، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے امور، انتظامی پالیسیوں اور ادارہ جاتی معاملات میں عملی تجربہ حاصل ہوا۔ اکتوبر 2025ء میں انہیں سی لیول پر ڈائریکٹر جنرل (میراڈ) تعینات کیا گیا۔ اس اہم عہدے پر وہ بجلی کے شعبے کی مارکیٹ مینجمنٹ، منصوبہ بندی اور ریگولیٹری امور سے متعلق مختلف اہم ذمہ داریاں سرانجام دے رہے ہیں۔ انجینئر عابد رشید نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کے لیے واپڈا کے مختلف تربیتی اداروں سے ٹیکنیکل انڈکشن کورس، مینجمنٹ انڈکشن کورس، جونیئر مینجمنٹ کورس (JMC)، سیکٹر سپیسیفک کورس (SSC)، مڈل مینجمنٹ کورس (MMC) کامیابی سے مکمل کیے جبکہ ٹیکنیکل ریفریشر کورس میں انہوں نے فرسٹ پوزیشن حاصل کی۔ ان تربیتی پروگراموں نے ان کی فنی، انتظامی اور قائدانہ صلاحیتوں کو مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ آپ فیسکو کے انتظامی ڈھانچے، فیلڈ آپریشنز، تکنیکی ضروریات اور صارفین کو درپیش مسائل سے گہری واقفیت رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں KPK میں شدید طوفان اور سیلاب کی وجہ سے بجلی بندش سے متاثرہ علاقوں میں انجینئر عابد رشید فیسکو ٹیم کی طرف سے سرگرم ممبر رہے اور اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی بدولت ہنگامی بنیادوں پر بجلی کی بحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔ جس پر حکومت پاکستان کی طرف سے ان کی اعلیٰ خدمات کو سراہا گیا۔ ان کا وسیع پیشہ ورانہ تجربہ، قائدانہ صلاحیتیں اور ادارہ جاتی امور پر عبور فیسکو کی کارکردگی میں مزید بہتری کے لیے اہم اثاثہ ہیں۔ ان کی بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو تعیناتی سے فیسکو میں بجلی کی محفوظ اور بلاتعطل فراہمی، لائن لاسز میں کمی، ریکوری میں بہتری، صارفین کو جدید اور معیاری سہولیات کی فراہمی، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے فروغ اور ادارہ جاتی اصلاحات کے عمل کو مزید تقویت ملے گی۔

ڈی جی (میراڈ) انجینئر عابد رشید کی زیر صدارت نیپرا کے مقررہ کارکردگی اہداف کے تحت سہ ماہی رپورٹ کی تیاری کے حوالے سے خصوصی اجلاس کا انعقاد

صارفین کی درخواستوں اور شکایات، زیرالتوا معاملات، تاخیر کی وجوہات اور ان پر کی گئی کارروائی سے متعلق معلومات کی تیاری پر تبادلہ خیال

سب ڈویژن، ڈویژن اور سرکل کی سطح سے حاصل ہونے والی معلومات کو نیپرا کے شیڈول فور کے مقررہ فارمز پر کمپنی کی مجموعی رپورٹ تیار کرنے کے طریقہ کار کا جائزہ

اجلاس کا مقصد کارکردگی سے متعلق درست اور مکمل معلومات کی بروقت تیاری اور نیپرا کے رپورٹنگ تقاضوں کی تکمیل کے عمل کو موثر بنانا ہے

فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ڈائریکٹر جنرل میراڈ فیسکو عابد رشید کی زیر صدارت نیپرا کے مقررہ کارکردگی اہداف کے تحت سہ ماہی رپورٹ کی تیاری اور متعلقہ ڈیٹا کی فراہمی کے حوالے سے ایک خصوصی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ جس میں نیپرا پرفارمنس سٹینڈرڈز (ڈسٹری بیوشن) ریگولیشنز 2026ء کے مطابق مختلف شعبوں کی کارکردگی کا ریکارڈ مرتب کرنے اور مقررہ مدت میں رپورٹ جمع کرانے کے امور زیر غور آئے۔ اجلاس میں صارفین کی درخواستوں اور شکایات، زیرالتوا معاملات، تاخیر کی وجوہات اور ان پر کی گئی کارروائی سے متعلق معلومات کی تیاری پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ اوپن ایکسس اور سسٹم کے استعمال کے معاہدوں، تقسیمی نظام کی کارکردگی، وولٹیج کی کمی بیشی، نیٹ بلنگ کنکشنز کی ماہانہ صورتحال اور زیرالتوا درخواستوں سے متعلق ریکارڈ کی فراہمی کے امور بھی زیر بحث آئے۔ بجلی کی بندش اور بحالی کے واقعات، متاثرہ فیڈرز، ٹرانسفارمرز اور صارفین کی تفصیلات پر مشتمل ڈیٹا پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور سب ڈویژن، ڈویژن اور سرکل کی سطح سے حاصل ہونے والی معلومات کو یکجا کر کے نیپرا کے شیڈول فور کے مقررہ فارمز پر کمپنی کی مجموعی رپورٹ تیار کرنے کے طریقہ کار کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے ایجنڈے میں متعلقہ شعبوں کے سربراہان کی جانب سے ڈیٹا کی تصدیق اور دستخط کے بعد رجسٹرار نیپرا کو ارسال کرنے اور ڈائریکٹوریٹ جنرل میراڈ کو مطلع کرنے کا عمل بھی شامل تھا۔ ڈی جی (میراڈ) عابد رشید نے اجلاس کو بتایا گیا کہ سہ ماہی کارکردگی رپورٹ ہر سہ ماہی کے اختتام کے بعد آنے والے مہینے کی 15 تاریخ تک نیپرا کو جمع کرانا ضروری ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اجلاس کا مقصد کارکردگی سے متعلق درست اور مکمل معلومات کی بروقت تیاری، ڈیپارٹمنٹل کوارڈینیشن اور نیپرا کے رپورٹنگ تقاضوں کی تکمیل کے عمل کو موثر بنانا ہے۔ اجلاس میں جی ایم (سی اینڈ سی ایس) میڈم صدف ناز، جی ایم ٹیکنیکل محمد رفیق، چیف انجینیر (ٹی اینڈ جی) احتشام اللہ، چیف انجینیر آپریشن منور خان، چیف انجینیر کسٹمر سروسز محمد سعید، چیف انجینیر ڈویلپمنٹ وقاص بیگ، ڈائریکٹر کمرشل ذوالفقار علی، ڈائریکٹر (اے ایم آئی) راؤ محمد علی، ڈائریکٹر سیفٹی کلیم اللہ، ڈائریکٹر میراڈ اقبال خان نیازی، عمار امتیاز، صدیق اکبر، عمیر احمد، ڈائریکٹر (پی آر) انجینیر محمد سعید رضا اور ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشن غلام نبی میمن نے شرکت کی۔



ڈائریکٹر جنرل میراڈ فیسکو عابد رشید نیپرا اہداف کے حصول اور متعلقہ ڈیٹا کی تیاری کے سلسلے میں فیسکو ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیسکو کے زیر اہتمام سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے اشتراک سے صارفین کے لیے ایک خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد

ایسے آگاہی سیشنز کا انعقاد محکمہ جاتی استعداد کار میں اضافے کیلئے بہت معاون ہے

کمپنی سیکرٹری مظفر عباس

کارپوریٹائزیشن اداروں میں بہتر انتظامی نظم ونسق، قانونی وریگولیٹری فریم ورک کیلئے انتہائی اہم ہے ایڈیشنل جوائنٹ رجسٹرار ایس ای سی پی خرم شہزاد

صارفین اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی آگاہی کیلئے مستقبل میں بھی ایسے معلوماتی وتربیتی پروگرامز کا انعقاد جاری رکھا جائے گا

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کے زیر اہتمام سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے اشتراک سے صارفین کے لیے ایک خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایس ای سی پی کے ایڈیشنل جوائنٹ رجسٹرار خرم شہزاد نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور شرکاء کو کارپوریٹائزیشن، لائسنسنگ اور ریگولیٹری اصلاحات کے بارے میں تفصیلی لیکچر دیا۔ یہ سیشن فیسکو کے ریجنل ٹریننگ سینٹر (RTC)، فیصل آباد میں منعقد ہوا۔ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل جوائنٹ رجسٹرار ایس ای سی پی خرم شہزاد نے کارپوریٹائزیشن کے بنیادی اصولوں، اس کے فوائد اور اداروں کو پائیدار کارپوریٹ ڈھانچے میں منتقل کرنے کے طریقہ کار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے وضاحت کی کہ کارپوریٹائزیشن اداروں میں بہتر انتظامی نظم ونسق، ذمہ داریوں کے تعین اور کاروباری سرگرمیوں کو قانونی وریگولیٹری فریم ورک کے مطابق استوار کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے لائسنسنگ کے جدید نظام، متعلقہ قانونی وضابطہ جاتی تقاضوں اور لائسنسنگ کے عمل کو مزید آسان اور مؤثر بنانے کے لیے ڈیجیٹلائزیشن کی اہمیت پر بھی تفصیلی گفتگو کی۔ ان کا کہنا تھا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے لائسنسنگ کے طریقہ کار میں سہولت، شفافیت اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ خرم شہزاد نے ریگولیٹری اصلاحات کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کاروباری ماحول کو شفاف اور غیر ضروری رکاوٹوں میں کمی لانے اور اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اصلاحاتی اقدامات کی اہمیت اجاگر کی۔ سیشن کے دوران شرکاء کو ان موضوعات کے مختلف عملی پہلوؤں سے بھی آگاہ کیا گیا، جبکہ سوال وجواب اور باہمی تبادلہ خیال کے ذریعے شرکاء کو متعلقہ امور سمجھنے کا موقع فراہم کیا گیا۔ اس موقع پر فیسکو کے کمپنی سیکرٹری مظفر عباس اور ڈپٹی ڈائریکٹر ٹریننگ سجاد حیدر اعوان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کمپنی سیکرٹری مظفر عباس نے کہا کہ ایسے آگاہی سیشنز کا انعقاد محکمہ جاتی استعداد کار میں اضافے، صارفین کی معلومات میں بہتری اور متعلقہ قوانین وضوابط سے آگاہی کے فروغ میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ سیشن کے اختتام پر کمپنی سیکرٹری فیسکو مظفر عباس نے ایس ای سی پی کے ایڈیشنل جوائنٹ رجسٹرار خرم شہزاد کی شرکت اور مفید رہنمائی پر ان کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ صارفین اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی آگاہی، تربیت اور ادارہ جاتی بہتری کے لیے مستقبل میں بھی ایسے معلوماتی وتربیتی پروگرامز کا انعقاد جاری رکھا جائے گا۔



ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو میں صارفین کیلئے منعقدہ ایس ای سی پی کے آگاہی سیشن سے ایڈیشنل جوائنٹ رجسٹرار ایس ای سی پی خرم شہزاد اور کمپنی سیکرٹری فیسکو مظفر خطاب کررہے ہیں

ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کا قیام جدید اور ماڈرن ٹیکنالوجی کی طرف ایک اہم اور مثبت قدم ہے

ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن)
فرخ آفتاب

آج کے جدید دور میں بروقت، مستند اور موثر ابلاغ کسی بھی ادارے کی کارکردگی اور عوامی اعتماد کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے

ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کے قیام سے فیسکو کی سرگرمیوں، مختلف ترقیاتی منصوبوں، جاری تعمیر و مرمت کے کاموں اور بجلی کی بندش کے شیڈول کو موثر انداز میں پہنچانے میں مدد ملے گی

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کے ویژن کے مطابق فیسکو کو جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے اور صارفین بجلی کو مستند اور بروقت معلومات کی فراہمی کے لیے ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فیسکو فرخ آفتاب نے پبلک ریلیشنز ڈائریکٹوریٹ میں قائم ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر کمپنی سیکرٹری مظفر عباس، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سعید رضا، ڈپٹی ڈائریکٹر (اے اینڈ ایس) فراز احمد اور پی آر ڈائریکٹوریٹ کا عملہ بھی موجود تھا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈی جی (ایڈمن) فرخ آفتاب نے کہا کہ ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کا قیام فیسکو کو جدید اور ماڈرن ٹیکنالوجی کی جانب گامزن کرنے کے سلسلے میں ایک اہم اور مثبت قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے جدید دور میں بروقت، مستند اور موثر ابلاغ کسی بھی ادارے کی کارکردگی اور عوامی اعتماد کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کے قیام سے فیسکو کی سرگرمیوں، مختلف ترقیاتی منصوبوں، جاری تعمیر و مرمت کے کاموں اور بجلی کی بندش کے شیڈول کو موثر انداز میں پہنچانے میں مدد ملے گی۔ ڈی جی ایڈمن نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو فیسکو اور اس کے صارفین کے درمیان رابطے کے ایک جدید اور فعال پلیٹ فارم کے طور پر کردار ادا کرے گا جس سے عوامی آگاہی میں اضافہ، معلومات کی بروقت ترسیل اور ادارے کی عوامی خدمات کو مزید بہتر بنانے میں مدد حاصل ہوگی۔ انھوں نے اس اقدام کو فیسکو کے ڈیجیٹل کمیونیکیشن نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور ادارے کی کارکردگی کو ٹیکنالوجی سے مربوط بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پی آر سعید رضا نے ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ جدید آلات اور ضروری تکنیکی سہولیات سے آراستہ ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کے ذریعے فیسکو کی پیشہ ورانہ سرگرمیوں اور ترقیاتی اقدامات زیادہ مؤثر انداز میں اجاگر کیا جا سکے گا۔ انھوں نے کہا کہ جدید ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کا قیام چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کے اس ویژن کی عکاسی کرتا ہے جس کے تحت جدید ٹیکنالوجی، موثر ابلاغ اور صارف دوست اقدامات کے ذریعے ادارے کی خدمات کو مزید بہتر، مربوط اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جا رہا ہے۔ بعد ازاں ڈی جی (ایڈمن) فرخ آفتاب نے کمپنی سیکرٹری مظفر عباس اور دیگر افسران کے ہمراہ ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کا کیک بھی کاٹا۔



ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فیسکو فرخ آفتاب پی آر ڈائریکٹوریٹ میں فیتہ کاٹ کر ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کا افتتاح کر رہے ہیں جبکہ دوسری طرف افتتاحی کیک کاٹا جا رہا ہے

فیسکو کا دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کے اشتراک سے "پروکیورمنٹ لائف سائیکل" خریداری کے مختلف مراحل کے موضوع پر چار روزہ پیشہ ورانہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

ای پیڈ حکومت پاکستان کے "ڈیجیٹل پاکستان" وژن کی عملی سمت میں ایک اہم اقدام ہے

ڈی جی ایچ آر فیسکو
غلام مجتبیٰ خان

سرکاری اداروں میں پروکیورمنٹ کے عمل کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے افسران کی مسلسل تربیت انتہائی اہم ہے

ای پیڈ کے ذریعے عوامی شعبے میں پروکیورمنٹ کے عمل کو جدید ڈیجیٹل نظام سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے

یونیورسٹی آف فیصل آباد میں چار روزہ پیشہ ورانہ تربیتی ورکشاپ میں ڈی جی (ایچ آر) فیسکو غلام مجتبیٰ خان اور پیپرا کے ڈاکٹر عرفان کا شرکاء سے خطاب

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے سینٹر آف ایگزیکٹو لرننگ دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کے اشتراک سے "پروکیورمنٹ لائف سائیکل" خریداری کے مختلف مراحل کے موضوع پر چار روزہ پیشہ ورانہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ جس کا بنیادی مقصد فیسکو افسران اور متعلقہ ملازمین کو پبلک پروکیورمنٹ کے قانونی وضابطہ جاتی تقاضوں، جدید ٹینڈرنگ کے طریقہ کار، کنٹریکٹ مینجمنٹ اور ای پیڈ کے موثر استعمال کے حوالے سے تربیت فراہم کرنا تھا۔ یہ تربیتی ورکشاپ آرگنائزیشنل ڈویلپمنٹ ڈائریکٹوریٹ فیسکو کی نگرانی میں دی یونیورسٹی آف فیصل آباد میں منعقد ہوئی جبکہ ڈاکٹر عرفان محمود نے شرکاء کو تربیت اور رہنمائی فراہم کی۔ ورکشاپ میں فیسکو کے مختلف اہم شعبہ جات، جن میں میٹریل مینجمنٹ، ٹیکنیکل سروسز، پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن، گرڈ اسٹیشن کنسٹرکشن، فنانس، ایڈمن، سول اور آڈٹ شامل ہیں کے افسران اور ملازمین نے شرکت کی۔ ڈاکٹر عرفان نے ٹریننگ کے دوران شرکاء کو پبلک پروکیورمنٹ کے مکمل سائیکل سے متعلق تفصیلی آگاہی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ پی پی آر اے کے قانونی فریم ورک، پروکیورمنٹ پلاننگ، خریداری کے مختلف طریقہ کار، کوٹیشن دستاویزات کی تیاری، بولیوں کی جانچ پڑتال، کنٹریکٹ ایوارڈ، پرفارمنس گارنٹیز، معاہدوں میں ترامیم، مدت میں توسیع، کلیمز، آڈٹ اور کنٹریکٹ کلوز آؤٹ پر تفصیلی تربیت دی۔ ورکشاپ کے شرکاء کو یہ بھی بتایا گیا کہ ای پیڈز کے موثر استعمال سے سرکاری خریداری کے عمل کو زیادہ منظم اور ڈیجیٹل انداز میں انجام دینے میں مدد مل سکتی ہے جبکہ پی پی آر اے قوانین وضوابط سے مکمل آگاہی کے ذریعے پروکیورمنٹ کے مختلف مراحل میں قانونی تقاضوں اور ضابطہ جاتی ذمہ داریوں کو بہتر طور پر پورا کیا جاسکتا ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل (ایچ آر) فیسکو غلام مجتبیٰ خان نے کہا کہ سرکاری اداروں میں پروکیورمنٹ کے عمل کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے افسران کی مسلسل تربیت اور استعدادِ کار میں اضافہ انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی پی آر اے کے قواعد وضوابط، جدید ٹینڈرنگ کے طریقہ کار، کنٹریکٹ مینجمنٹ اور ای پیڈ کے بارے میں افسران کی عملی استعداد میں اضافہ نہ صرف خریداری کے عمل کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوگا بلکہ ادارہ جاتی سطح پر شفافیت اور جوابدہی کے فروغ میں بھی مدد دے گا۔ انہوں نے کہا کہ ای پیڈ حکومت پاکستان کے "ڈیجیٹل پاکستان" وژن کی عملی سمت میں ایک اہم اقدام ہے جس کے ذریعے عوامی شعبے میں پروکیورمنٹ کے عمل کو جدید ڈیجیٹل نظام سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ورکشاپ میں فیسکو کے مختلف شعبوں سے چیف انجینئرز، ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔



ڈی جی ایچ آر فیسکو غلام مجتبیٰ خان اور پیپرا کے ڈاکٹر عرفان محمود "پروکیورمنٹ لائف سائیکل" کے موضوع پر منعقدہ ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء کو سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں

ای-آپریشنز اور جی آئی ایس میپنگ منصوبے فیسکو میں جدت اور آپریشنل کارکردگی میں بہتری لائیں گے

ڈی جی آئی ٹی فیسکو
ڈاکٹر عبدالحئی

یہ جدید سافٹ ویئر اور ٹیکنالوجی کے نفاذ اور فیسکو کے آپریشنل نظام کو زیادہ موثر، مربوط بنانے اور درست ڈیٹا فوری فراہمی کیلئے بھی اہم ہے

جدید ٹیکنالوجی کو روزمرہ آپریشنل امور کا حصہ بنا کر کارکردگی میں بہتری کے ساتھ صارفین کو بہتر سروسز کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا سکتا ہے

جدید آئی ٹی نظام کے موثر استعمال سے بجلی کی تقسیم کے نظام کی نگرانی اور صارفین کو بہتر سروسز فراہم کرنے میں نمایاں مدد حاصل ہوگی

ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) فیسکو ڈاکٹر عبدالحئی کا فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز میں ای آپریشن کے حوالے سے تربیتی سیشن سے خطاب

ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) فیسکو ڈاکٹر عبدالحئی نے کہا کہ ای-آپریشنز اور جی آئی ایس میپنگ جیسے منصوبے فیسکو میں جدت، آپریشنل کارکردگی میں بہتری اور شفافیت کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں یہ محض جدید سافٹ ویئر اور ٹیکنالوجی کا نفاذ نہیں بلکہ فیسکو کے آپریشنل نظام کو زیادہ موثر، مربوط بنانے اور درست ڈیٹا فوری فراہمی کیلئے بھی اہم ہے۔ انھوں نے کہ باتیں فیسکو فرسٹ، سیکنڈ جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، میانوالی اور سرگودھا سرکل کے افسران کیلئے ای-آپریشنز (E-Ops) سافٹ ویئر کے موثر استعمال کے حوالے سے منعقدہ ایک تربیتی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ تربیتی سیشن میں ایس ای فیسکو فرسٹ سرکل محمد امیر خان، ایس ای سیکنڈ سرکل سید سلیم شاہ، جھنگ سرکل مہر محمد افضل کاٹھیا، ایس ای سرگودھا سرکل ابرار احمد، ایس ای میانوالی سرکل بلال اقبال، ایس ای ٹوبہ ٹیک سنگھ عصمت اللہ، ایکسئین حضرات سمیت سرکلز کے دیگر متعلقہ افسران اور سرکل کے تمام ایس ڈی او حضرات نے شرکت کی۔ ڈاکٹر عبدالحئی نے شرکاء کو تربیتی سیشن کے دوران ای-آپریشنز سسٹم کے مختلف پہلوؤں، اس کے عملی استعمال، متعلقہ ہارڈ ویئر کی افادیت اور فیلڈ آپریشنز میں جدید آئی ٹی نظام سے بھرپور استفادہ کرنے کے حوالے سے تفصیلی راہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی کو روزمرہ آپریشنل امور کا حصہ بنا کر نہ صرف ادارے کی کارکردگی میں بہتری لائی جا سکتی ہے بلکہ صارفین کو بہتر سروسز کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ جی آئی ایس میپنگ منصوبے کو مقررہ اہداف کے مطابق آگے بڑھایا جائے تاکہ فیسکو اس نظام سے بھرپور استفادہ کر سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جدید آئی ٹی نظام کے موثر استعمال سے بجلی کی تقسیم کے نظام کی نگرانی، فیلڈ سرگرمیوں کی مانیٹرنگ، مسائل کی بروقت نشاندہی، انتظامی امور میں بہتری اور صارفین کو بہتر سروسز فراہم کرنے میں نمایاں مدد حاصل ہوگی۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے جدید منصوبوں سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے متعلقہ شعبوں میں ان کا زیادہ سے زیادہ اور مؤثر استعمال یقینی بنائیں۔ تربیتی سیشن میں شریک فیسکو افسران نے گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے ای-آپریشنز اور جی آئی ایس میپنگ منصوبوں کے حوالے سے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ فیسکو میں جاری ان اہم آئی ٹی منصوبوں سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرتے ہوئے ان کے ثمرات کو ادارے کی مجموعی کارکردگی اور صارفین کو فراہم کی جانے والی خدمات میں بہتری کے لیے بروئے کار لایا جائے گا۔



ڈی جی (آئی ٹی) فیسکو ڈاکٹر عبدالحئی ای-آپریشنز سافٹ ویئر کے موثر استعمال کے حوالے سے فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز میں منعقدہ تربیتی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) دفتر ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) فیسکو ڈویژن بھلوال کے اکاؤنٹس اسسٹنٹ عمر فاروق بھلوآنہ ولد گلزار احمد آپ کو 129 ایام کی ایکس۔پاکستان رخصت مورخہ 09-03-2026 تا 15-07-2026 کے اختتام کے بعد مورخہ 16-07-2026 کو اپنی ڈیوٹی جوائن کرنا لازم تھا۔ تاہم ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) فیسکو ڈویژن بھلوال کے لیٹر نمبر 28-5026 بتاریخ 21-07-2026 اور ایڈیشنل چیف انجینئر (آپریشن) فیسکو سرکل سرگودھا کے لیٹر نمبر 7-17006 بتاریخ 13-08-2026 کے مطابق آپ اپنی ڈیوٹی پر حاضر نہ ہوئے اور تا حال بلا اجازت و دانستہ طور پر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ مزید برآں، دفتر ہٰذا کے لیٹر نمبر 1189/CFO/FESCO/Admn بتاریخ 10-08-2026 کے ذریعے بھی آپ کو اس معاملے کی بابت وضاحت پیش کرنے کی ہدایت کی گئی تھی، لیکن آپ کی جانب سے اس کا بھی کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ بعدازاں آپ کو اس دفتر کے لیٹر نمبر 1475/CFO/FESCO/Admn بتاریخ 24-08-2026 کے تحت وضاحتی نوٹس بھیجا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔ اس کے بعد آپ کو دفتر ہٰذا کے لیٹر نمبر 3414/CFO/FESCO/Admn بتاریخ 01-10-2026 کے تحت شوکاز نوٹس بھیجا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب اس دفتر کو نہیں بھجوایا۔ آپ کا یہ عمل سنگین غفلت، دانستہ حکم عدولی اور غیر حاضری کا عکاس ہے جو کہ پاکستان واپڈا ایمپلائز (ای اینڈ ڈی) رولز 1978ء کے تحت صریح بدعنوانی / بے ضابطگی (Misconduct) کے زمرے میں آتا ہے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت/ وصولی کے سات (7) یوم کے اندر اندر براہِ راست دفتر ہٰذا کو اپنا تحریری جواب جمع کروائیں کہ مذکورہ بے ضابطگی اور بدعنوانی کی پاداش میں پاکستان واپڈا ایمپلائز (ای اینڈ ڈی) رولز 1978ء کے رول-4 کے تحت آپ پر چھوٹی یا بڑی سزا (Major Penalty / Minor) کیوں نہ عائد کی جائے؟ آپ اپنے تحریری دفاعی جواب میں یہ بھی واضح کریں کہ آیا آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر اپنی صفائی میں کچھ کہنے کے خواہشمند ہیں یا نہیں۔ عدم تعمیل یا مقررہ مدت کے اندر جواب نہ آنے کی صورت میں یہ تصور کیا جائے گا کہ آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کے لیے کچھ نہیں ہے اور آپ کے خلاف واپڈا (ای اینڈ ڈی) رولز 1978ء کے تحت یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: چیف فنانشل آفیسر (CFO) فیسکو، فیصل آباد

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) گٹ والا سب ڈویژن فیسکو فیصل آباد کے سینٹری ورکر عبدالقیوم ولد محمد یعقوب آپ مورخہ 26-11-2025 مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 43-1042 بتاریخ 27-07-2026 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ بعدازاں آپ کو لیٹر نمبر 2455 بتاریخ 12-08-2026 کے تحت ذاتی شنوائی کیلئے بھی بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ بعدازاں آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 48-1147 بتاریخ 24-08-2026 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہیں دیا۔ بعدازاں آپ کو دوبارہ لیٹر نمبر 3809 بتاریخ 23-09-2026 اور لیٹر نمبر 4401 بتاریخ 08-10-2026 کے تحت ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت / وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) عبداللہ پور ڈویژن فیسکو فیصل آباد

FESCO
FAISALABAD ELECTRIC SUPPLY COMPANY LTD.

FESCO CLOSES
1st Quarter FY 2026-27

RECORD-BREAKING ACHIEVEMENTS

KEY RESULTS

Rs. 12.5 BILLION
PROFIT
for the month of September 2026

TOTAL PROFIT
Rs. 17.4 BILLION
upto September 2026

MONTHLY LINE LOSSES
2.39%
against NEPRA target 5.97%
(3.58% Decrease)

PROGRESSIVE LINE LOSSES
NEPRA target 8.72%
achieved upto
September 2026

RECOVERY UPTO THE MARK

PERMANENT DISCONNECTION
decreased
Rs. 226.85 MILLION
from previous year
September 2025



Congratulations!

to all officers and officials for this outstanding performance and their continuous dedication towards a brighter and stronger FESCO.

TEAMWORK | INTEGRITY | EXCELLENCE | SUSTAINABILITY